**قومی احتساب بیورو**

**(اسلام آباد)**

****

Dated: 23rd July, 2026

# پریس ریلیز

## چیئرمین نیب کا سندھ کی صوبائی سول سروس کے افسران کے نیب کے دورے کے موقع پر دیانت داری، کردار سازی اور کرپشن کے خلاف غیر متزلزل جنگ پر زور

چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے سندھ کی صوبائی سول سروس کے تیسرے سینئر مینجمنٹ کورس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے خدمت عامہ، دیانت داری اور قومی مفاد کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ افسران دیانت اور اخلاقی اقدار کے معاملے میں اپنے پیش رووں سے بہتر ثابت ہونے کی کوشش کریں اور اس بات پر روشنی ڈالی کہ موثر خدمت عامہ کے لیے ذاتی استعداد، مضبوط کردار اور پیشہ ورانہ مہارت ناگزیر ہیں۔ انہوں نے افسران کو بد دیانتی کے خلاف عدم رواداری اپنانے، بدعنوانی کو مسترد کرنے اور ملک کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرنے کی تلقین کی۔ علاوہ ازیں انہوں نے سرکاری اثاثوں کے تحفظ اور اپنے فرائض پوری لگن وخلوص سے انجام دینے کی یاد دہانی کرائی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ نیب ملک سے انسداد بدعنوانی کی مہم میں تعاون کرنے والے افسران کے ساتھ ہے۔

پروگرام کے آغاز میں ڈائریکٹر جنرل آپریشنز امجد مجید اولکھ نے وفد کو ایک تفصیلی بریفنگ دی جس میں نیشنل اکاونٹیبلیٹی آرڈیننس 1999، نیب کی ساخت، جاری اصلاحات، منی لانڈرنگ کے کیسز، بین الاقوامی معاہدوں اور بیورو کی مجموعی کارکردگی کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے بیورو کی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ نیب نے گزشتہ تین سالوں میں چودہ اعشاریہ چار آٹھ پانچ ٹریلین روپے یعنی اکیاون اعشاریہ سات تین بلین امریکی ڈالر کی غیر معمولی ریکوریاں کی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت بیورو کی توجہ سرکاری اثاثوں اور اراضی کی بازیابی، عوام کے ساتھ فراڈ کے کیسز اور منی لانڈرنگ کے مقدمات پر مرکوز ہے۔

اس باضابطہ نشست کا اختتام سوال وجواب کے دورانیہ پر ہوا جہاں مہمان افسران نے انتظامی ڈھانچے اور کرپشن کے خاتمے کی حکمت عملی سے متعلق سوالات کیے جن کے جوابات چیئرمین نیب اور ڈی جی آپریشنز نے دیے۔ اس دورے کا اختتام روایتی گروپ فوٹو اور نیب قیادت اور مہمان افسران کے درمیان تحائف کے تبادلے پر ہوا۔